## سوال

(70) دوسرے شخص کے پاس سوروپے کے عوض زمین گروی رکھی الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے دوسرے شخص کے پاس سوروپے کے عوض زمین گروی رکھی۔ اس شرط پر کے ہم تین سال بعد روپے دے کر زمین واپس کروالیں گے۔ اور اس مدت میں جو کچھ پیداواری کا منافع ہو وہ اپنے مصرف میں لاوے۔ اور مالگزاری ادا کرتا رہے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض علماء کا اس صورت کا گائے والی صورت پر قیاس کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ زمین کا لگان مرتہن کے زمے مثل گائے کی خوراک کے برابر ہے۔ بعض اس کے منکر ہیں اختلاف سے نکلنے کیلئے مالک کو بھی کرایہ زمین کے طور پر کچھ دے دیا کرے۔ خواہ تھوڑا ہی ہو جائز ہے۔

(فتاویٰ ثنائیہ۔ جلد 2 صفحہ 249)

## فتاویٰ علمائے حدیث

## جلد 14 ص 83

## محدث فتویٰ